© rasailojaraid.com



کے لیے غیر جانب دارانہ تحقیق کی ایک عمدہ مثال ہے۔ خاص طور پر انگریزی دان طبقے کے لیے سیرت جیسے وسیع موضوع پر مناسب سائز میں ایک نامور محقق کے قلم سے مستند کتاب منظرعام پر آنا یقیناً ایک اہم بات ہے۔ کتاب کا اندازِ تحریر علما، محققین اور عام قارئین، حتیٰ کہ انگریزی اسکولوں کے طلبہ و طالبات کے لیے بھی یکساں مفید ہے۔ خاص طور پر مقابلے کے اعلیٰ امتحانوں کے امیدواروں کے لیے یہ کتاب کورس میں شامل کیے جانے کے قابل ہے۔ پیش لفظ میں ڈاکٹر ایس ایم زمان نے کتاب کے علمی و تحقیقی مقام کے پیشِ نظر اسے دورِ حاضر کے لیے اہم اور مفید قرار دیا ہے۔ کتاب کی اہمیت و افادیت اور اعلیٰ علمی پائے کی بدولت سال ہذا کی قومی سیرت کانفرنس میں یہ کتاب پاکستان بھر میں اول انعام اور صدارتی ایوارڈ کی مستحق قرار پائی ہے۔

کتاب کے اندازِ تحریر، ابواب کی تعداد، عنوانات اور بعض الفاظ تک کو پڑھتے ہوئے پروفیسر عبدالحمید صدیقی کی کتاب The Life of Muhammad ذہن میں آجاتی ہے کہ دونوں کتابوں کے عنوانات و مشتملات میں خاصی مشابہت پائی جاتی ہے۔

سیرت طیبہؐ کے موضوع پر وسیع ذخیرۂ کتب میں یہ کتاب ایک عمدہ اور قابلِ قدر اضافہ ہے۔ راقم الحروف کی رائے میں انسان کامل کے انگریزی ترجمے کی ضرورت باقی ہے۔ امید ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف اس کام کا آغاز کر چکے ہوں گے۔ (محمد حمّاد لکھوی)

**خلقِ خیر الخلائقؐ**، طالب الہاشمی۔ ناشر: طٰہٰ پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۷۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

طالب ہاشمی صاحب کی زیرنظر کتاب سیرتؐ طیبہ پر فرامینِ نبویؐ اور اسلامی تاریخ کے برسوں کے گہرے مطالعے اور متعلقہ موضوعات پر اُن کی دسترس کی آئینہ دار ہے۔

کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول (ص ۲۳-۳۳۸) میں چھوٹے بڑے ۶۰ عنوانات (صدق، دیانت و امانت، ایثار، عفو و درگزر، مساوات، طبقۂ اناس کے محسنِ اعظم، میانہ روی، صبر و استقامت، اولاد سے محبت، تعزیت، چھینک اور جمائی وغیرہ) کے تحت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل و محاسنِ اخلاق کی جھلکیاں پیش کی گئی ہیں۔ ''جھلکیاں'' اس لیے کہ

© rasailojaraid.com